آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

شیئرنگ ایڈیٹر: انجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053

موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 15 | بروز بدھ 27 اکتوبر 2021ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 207

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس
احتجاج اور دھرنوں کیخلاف حکمت عملی پر غور

بنی گالہ میں منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ عثمان بزدار، وزیر داخلہ شیخ رشید و فاقی وزیر مذہبی امور نورالحق قادری اور چیف سیکرٹری پنجاب شریک ہوئے

اجلاس میں وزیراعظم عمران خان کو کالعدم تنظیم سے مذاکرات پر بریفنگ دی گئی جبکہ وزیراعظم کو تاجروں کے احتجاج سے متعلق بھی آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت بنی گالا میں اجلاس ہوا ہے جس میں کالعدم تحریک لبیک پاکستان کو کوئی رعایت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت بنی گالا میں اجلاس ہوا، جس میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، وزیر داخلہ شیخ رشید، وفاقی مذہبی امور نورالحق قادری، وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار اور

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملتان میں کورونا کے کیسز میں واضح کمی

ملتان (یو این پی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اعظم سواتی الیکشن کمیشن میں پیش، شوکاز کے جواب کیلئے 15 روز کی مہلت

الیکشن کمیشن کے ممبر شاردرانی اور شاہ محمود جتوئی پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے سماعت کی

اسلام آباد (یو این پی) وزیر ریلوے اعظم سواتی شوکاز نوٹس پر الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن کے ممبر شاردرانی اور شاہ محمود جتوئی پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے اعظم سواتی کو جاری نوٹس کے معاملے پر سماعت کی جس سلسلے میں وفاقی وزیر ذاتی طور پر الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز پر الیکشن

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم ڈی جی آئی ایس آئی تعینات، نوٹیفکیشن جاری

نئے ڈی جی آئی ایس آئی کا تقرر 20 نومبر 2021 سے کیا گیا ہے لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید 19 نومبر تک ذمہ داریاں ادا کریں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم کو ڈی جی آئی ایس آئی تعینات کر دیا گیا اور اس فیصلے کا نوٹی فکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ وزیراعظم عمران خان نے نئے ڈی جی آئی ایس آئی کی تقرری کی منظوری دے دی اور

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تحریک انصاف بھی بلوچستان کی وزارت اعلیٰ کی دوڑ میں شامل

پاکستان تحریک انصاف نے وزیراعلیٰ بلوچستان کیلئے سردار یار محمد رند کو بطور امیدوار نامزد کر دیا

کوئٹہ (یو این پی) تحریک انصاف بھی بلوچستان کی وزارت اعلیٰ کی دوڑ میں شامل ہوگیا۔ پاکستان تحریک انصاف نے وزیراعلیٰ بلوچستان

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان، ایران کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے

انہیں مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہے، وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی

تہران (یو این پی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اپوزیشن پریشان نہ ہو حکومت مضبوط ہے صورت پانچ سال پورے کرے گی، عثمان بزدار

تعلیم، صحت، سمیت دیگر محکموں میں 70 ہزار آسامیاں پر کی جائیں گی جلد ملتان اور بہاولپور کا دورہ کر کے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کی کا کارکردگی کا جائزہ لوں گا

وزیراعظم عوام کو مہنگائی سے ریلیف کے لیے پیکیج کا جلد اعلان کریں گے، وزیراعلیٰ پنجاب کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا ہے کہ اپوزیشن پریشان نہ ہو، حکومت ہر صورت 5 سال پورے کرے گی۔ حکومت مضبوط ہے، اپوزیشن صرف واویلا کر رہی ہے۔ حکومت مہنگائی سے نمٹنے کے لئے بہت جلد پیکیج کا اعلان کرے گی۔ عوام کے مسائل اور مشکلات کا مکمل احساس ہے۔ وزیراعظم جلد عوام کو مہنگائی سے بچانے کیلئے پیکیج کا اعلان کرینگے۔ وزیراعلیٰ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سپریم کورٹ، سندھ ریونیو بورڈ کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرنے پر رپورٹ پیش

کراچی (یو این پی) سپریم کورٹ آف

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کرونا ویکسی نیشن کی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک انداز میں کام کریں، ڈپٹی کمشنر

اجلاس میں کرونا ویکسی نیشن کی خصوصی مہم آپ کی دہلیز تک کے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لے رہے تھے

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر کرونا ویکسی نیشن کی خصوصی مہم آپ کی دہلیز

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

میاں گزین عباسی نے اسسٹنٹ کمشنر ملک ظہور احمد اعوان، سی ای او ہیلتھ، ڈاکٹر اقبال مکول اور ایم ایس ڈاکٹر محمد عارف غوری کے ہمراہ ایک روزہ فری آئی کیمپ کی رسم افتتاح ادا کی

تاجر خدمت گروپ کے اشتراک سے 275 مریضوں کی آنکھوں کا معائنہ، لگائے گئے فری آئی کیمپ میں

آئی سرجن ڈاکٹر یاسر نثار نے ایک روزہ فری آئی کیمپ میں 245 مریضوں کو مفت ادویات دیں اور عینکوں کے نمبرز تجویز کئے جبکہ آنکھوں کے تیس مریضوں کے فیکو مشین کے ذریعے سفید موتیے کے آپریشن کرنے کا فیصلہ کیا، ڈاکٹر یاسر نثار اپنی ذاتی فیکو مشین سے چھ مریضوں کے روزانہ آپریشن کر کے لینز ڈالیں گے، حافظ سعد اللہ شیخ

ایم ایس ڈاکٹر محمد عارف غوری کی تحریک پر لگائے گئے ایک روزہ فری آئی کیمپ کے انعقاد میں تاجر خدمت گروپ احمد پور شرقیہ کے قائدین شیخ محمد مسلم پرویز، چوہدری خالد جاوید، چوہدری طاہر جمیل، مسعود اقبال قریشی، ابرار قریشی، عبدالعزیز قریشی اور الحاج محمد سعید سلیمی نے مالی تعاون کیا

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) تاجر خدمت گروپ کے تعاون سے تحصیل ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال میں لگائے گئے ایک روزہ فری آئی کیمپ کا افتتاح صاحبزادہ میاں گزین عباسی ایم پی اے، اسسٹنٹ کمشنر ملک ظہور احمد اعوان، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اقبال مکول، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد عارف غوری کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر کیا۔ شہر کی معروف دینی شخصیت قاری سید عبدالعلیم شاہ نے دعا کرائی۔

احمد پور شرقیہ، صاحبزادہ محمد گزین عباسی ایم پی اے اسسٹنٹ کمشنر ملک ظہور احمد اعوان، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اقبال مکول اور ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر محمد عارف غوری کے ہمراہ فری آئی کیمپ کا افتتاح کر رہے ہیں۔

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) تاجر خدمت گروپ کے اشتراک سے تحصیل ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال میں ایک روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد عارف غوری کی سربراہی میں سرجن ڈاکٹر یاسر نثار نے 275 مریضوں کی آنکھوں کا معائنہ کیا جن میں سے 245 مریضوں کو مفت ادویات دی گئیں اور عینکوں کے نمبرز تجویز کیے گئے، تحصیل ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال کے سینئر ٹیکنیشن حافظ سعد اللہ شیخ نے روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ کو بتایا کہ آئی سرجن ڈاکٹر یاسر نثار تیس۔ مریضوں کی آنکھوں میں سفید موتیے کا اپنی ذاتی فیکو مشین کے ذریعے آپریشن کریں گے جبکی آنکھوں میں لینز ڈالیں جائیں گے حافظ سعد اللہ شیخ کی اطلاع کے مطابق ڈاکٹر یاسر نثار چھ چھ مریضوں کے پانچ روز تک آپریشن کرینگے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹر یاسر نثار نے گزشتہ روز سفید موتیے کے چھ مریضوں کے آپریشن کئے۔ خیال رہے کہ ڈاکٹر محمد عارف غوری کی تحریک پر لگائے فری آئی کیمپ کے لیے تاجر خدمت گروپ کی قائدین شیخ محمد مسلم پرویز صدر کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن چوہدری خالد جاوید تحصیل صدر کاٹن جنرز ایسوسی ایشن، بابائے تجارت چوہدری طاہر جمیل، منصور اقبال قریشی، صدر آئس فیکٹریز یونین، ابرار قریشی صدر انجمن تاجران بیرون غلہ منڈی، حاجی عبدالعزیز قریشی صدر پبلسٹی سائیڈ اینڈ فیٹی لائزر یونین اور الحاج محمد سعید سلیمی صدر بک سیلرز ایسوسی ایشن نے مالی تعاون کیا۔

احمد پور شرقیہ، تاجر خدمت گروپ کے سرکردہ رہنماء شیخ محمد مسلم پرویز، ایم ایس سول ہسپتال کے دفتر میں میاں گزین عباسی ایم پی اے سے گفتگو کر رہے ہیں۔

چیئرمین ضلع کونسل شیخ دلشاد قریشی نے عہدہ کا چارج سنبھال لیا

اسسٹنٹ چیف آفیسر سروسز جاوید اقبال چوہدری اور سٹاف نے استقبال کیا

سمہ سٹہ (نامہ نگار) بلدیاتی ادارے بحال ہونے پر نے شیخ دلشاد احمد قریشی گزشتہ روز اپنے ممبران ضلع کونسل کے ہمراہ ایک ریلی کی شکل میں ضلع کونسل بہاولپور کے دفتر میں چیئرمین ضلع کونسل بہاولپور کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا۔ ضلع

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہباز شریف کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ کی مخالف کا اعلان

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 7 سے 9 روپے مزید اضافہ عوام کا معاشی قتل ہے

بار بار منی بجٹ لاکر حکومت نے ثابت کیا ہے کہ اسکے پاس کوئی ٹھوس اور قابل عمل معاشی پلان نہیں، صدر مسلم لیگ ن



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے پیٹرولیم مصنوعات، ایل پی جی اور دیگر اشیا کی قیمتوں میں مزید اضافے کی پارلیمنٹ میں بھرپور مخالفت کا اعلان کر دیا۔ اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ 16 اکتوبر کو حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 12 روپے فی لیٹر تک پہلے ہی اضافے کا ظلم عوام پر ڈھا چکی ہے،

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایئر پورٹ کو کھنڈر بنا دیا، وہاں بھی شادی ہال بنا دیں، عدالت ڈی جی ایوی ایشن پر برہم

کراچی (یو این پی) سپریم کورٹ نے ایئر پورٹ کے اطراف شادی ہالز چلانے پر ڈی جی سول ایوی ایشن پر شدید برہمی کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

روپے کی قدر میں مزید کمی، ٹیکس بڑھانے کے آئی ایم ایف مطالبہ تشویشناک، کاروباری سرگرمیوں میں کمی ہوگی، راجہ وسیم حسن

لاہور (یو این پی) تاجر رہنما و انجمن تاجران لوہا مارکیٹ شہید گنج (لنڈا بازار) لاہور کے سینئر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیٹرولیم مصنوعات کی مزید ساڑھے 9 روپے فی لیٹر مہنگی ہونے کا امکان

پیٹرولیم ڈویژن کو قیمتوں میں رد و بدل کی حتمی سمری اوگرا 30 اکتوبر کو ارسال کرے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) یکم نومبر سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ساڑھے 9 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے اور ڈالر کے مقابلے میں روپے کی تاریخی بے قدری کے باعث یکم نومبر سے پیٹرول 8 روپے، ہائی اسپیڈ ڈیزل ساڑھے 9 روپے، مٹی کا تیل 7 روپے اور لائٹ ڈیزل کی قیمت ساڑھے 6 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے۔ اوگرا ذرائع کا کہنا ہے کہ یکم نومبر سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں رد و بدل کی حتمی سمری 30 اکتوبر کو پیٹرولیم ڈویژن کو ارسال کرے گا۔ واضح رہے کہ ملک میں اس وقت

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک رشید 7 سائیڈ فلڈ لائٹ شارٹ باؤنڈری کرکٹ ٹورنامنٹ السید کرکٹ کلب، لطیف آباد کی ٹیم فاتح ٹورنامنٹ قرار پائی

مسلم لیگ ن کے ایم پی اے ملک ظہیر اقبال چنڑ نے مہمان خصوصی کے طور شرکت کی

سمہ سٹہ (نامہ نگار) پہلا ملک رشید 7 سائیڈ فلڈ لائٹ شارٹ باؤنڈری کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل السید کرکٹ کلب نے اپنے نام کر لیا، مہمان خصوصی میں ایم پی اے ملک ظہیر اقبال چنڑ تھے مہمان اعزاز صدر انجمن تاجران سمہ سٹہ سید وقار

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

دیہی مرکز صحت مبارک پور کے عملہ میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے دوستانہ کرکٹ میچ

میڈیکل آفیسر ڈاکٹر شرجیل اور ڈاکٹر احمد فواد شیخ کی کپتانی میں ٹیمیں تشکیل دی گئیں

ترجمان ایم این اے، رانا محمد جمیل، فراز حیدر صدر پریس کلب، ڈاکٹر اسامہ چیمہ اور ملک ظفر کمبوہ کی مہمان خصوصی کے طور پر شرکت

مبارک پور (نامہ نگار) دیہی مرکز صحت مبارک پور کے میڈیکل آفیسرز نے عملہ میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے نیشنل پارک لال سوہانرا میں دوستانہ میچ کا انعقاد کیا۔ جس کا مقصد ہسپتال میں منفی سرگرمیوں کا خاتمہ اور ماحول کو خوشگوار بنانا مقصود تھا۔ میڈیکل آفیسرز ڈاکٹر شرجیل احمد اور ڈاکٹر احمد فواد شیخ کی کپتانی میں گیارہ گیارہ کھلاڑیوں کی دو ٹیموں کو تشکیل دیا گیا جنہوں نے تین میچ کھیلے جس میں ایک میچ ڈاکٹر شرجیل کی ٹیم اور دوسرا میچ ڈاکٹر احمد فواد کی ٹیم نے جیتا تیسرا میچ ٹیسٹ آف تھری کھیلا گیا جس میں ڈاکٹر احمد فواد

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

دیہی مرکز صحت مبارک کے عملہ اور مہمان گرامی کے ہمراہ نیشنل پارک لال سوہانرا میں دوستانہ میچ کے بعد گروپ فوٹو۔

مدیر احسان احمد سحر اور ماہرین تعلیم کی ڈاکٹر ریاض احمد ساجد کے انتقال پر تعزیت

مدیر نوائے احمد پور شرقیہ نے ڈاکٹر ریاض مرحوم کے صاحبزادے ڈائریکٹر ادارہ ارقم سکول حافظ محمد خالد اور پرنسپل صاحبزادی محترمہ فلزہ ریاض سے ملاقات کر کے فاتحہ خوانی کی



احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) محکمہ انہار کے ریٹائرڈ ڈھیلد ار ڈاکٹر ریاض احمد ساجد کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری ہے، شہر احمد پور شرقیہ کے ماہرین تعلیم اور مدیر نوائے احمد پور شرقیہ احسان احمد سحر نے ڈاکٹر ریاض احمد ساجد کے انتقال پر اُنکے صاحبزادے ڈائریکٹر ادارہ ارقم سکول، حافظ محمد خالد اور صاحبزادی، پرنسپل محترمہ فلزہ ریاض سے الگ الگ ملاقات کر کے اپنے دلی رنج وغم کا اظہار کیا اور

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امام بارگاہ حیدریہ مبارک پور میں جشن میلاد النبیؐ کی تقریب

مولانا توصیف حسین کی حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہونے کی تلقین

حضرت امام جعفر صادق اور اہلبیت کا بھی ذکر کیا، نعت خوانی بھی کی گئی

مبارک پور (خبر نگار) امام بارگاہ حیدریہ مبارک پور میں جشن آمد وجہبہ تخلیق کائنات سردار النبیا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم و

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیرانی ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام چار روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد

یکم نومبر سے دربار حضرت محکم الدین سیرانیؒ پر کیا جائے گا

سمہ سٹہ (نامہ نگار) سیرانی ویلفیئر ٹرسٹ کراچی کی طرف سے چار روزہ فری آئی کیمپ یکم نومبر 2021 سے لگایا جائے گا۔ دربار حضرت

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اداریہ

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ..... احمد پور شرقیہ

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں روایتی حریف بھارت کو شکست

پاکستان نے کرکٹ میچ میں روایتی حریف بھارت کو چاروں شانے چت کر دیا۔ پاکستان نے بیٹنگ میں بھارت کی جانب سے 152 رنز کا دیا ہوا ہدف 17.5 اوورز میں بغیر کسی نقصان کے پورا کر دیا اور یوں بھارت 10 وکٹوں سے شکست کھا گیا میچ کی خاص بات شاہین آفریدی کی طوفانی بالنگ جبکہ کپتان بابر اعظم اور محمد رضوان کی ریکارڈ اوپننگ پارٹنر شپ رہی پاکستان کی اس جیت پر قومی ٹیم کو ہر جانب سے خراج تحسین پیش ہو رہا ہے ضرورت کرکٹ کے اس معیار کو برقرار رکھنے کیلئے ضروری اقدامات کے ساتھ کڑی نگرانی کی بھی ہے اس حوالے سے مستقبل میں بھی قومی ٹیم کو باصلاحیت کھلاڑی دینے کی غرض سے ٹیلنٹ ہنٹ اور اس میں سامنے آنیوالے کھلاڑیوں کی اعلیٰ تربیت کیلئے انتظامات بھی ضروری ہیں ایسا کرکٹ کیساتھ دیگر کھیلوں اور تعلیم کے مختلف شعبوں میں بھی ناگزیر ہے تاکہ باصلاحیت لوگ سامنے آئیں اور انکی بھرپور حوصلہ افزائی ہو۔

تمام بینک اپنی برانچوں میں خواتین کی رہنمائی کیلئے ڈیسک قائم کرینگے: سرفراز احمد

فیصل آباد (یو این پی) سٹیٹ بینک کی پالیسی کے مطابق مختلف بینکوں کی 7590 برانچوں میں 2024ء تک خواتین چیمپئن کے نام سے خواتین کی رہنمائی کیلئے ہیلپ ڈیسک قائم کئے جائیں گے۔ یہ بات سٹیٹ بینک فیصل آباد کے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کشمیر کے بہادر عوام نے بھارت کے غیر قانونی قبضہ کے خلاف مسلسل مزاحمت کا مظاہرہ کیا ہے، علی امین خان گنڈاپور

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر برائے آمور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے کہا ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور کے نعت گو شاعر محمد امین ساجد سعیدی کا اعزاز

محکمہ اوقاف پنجاب کے زیر اہتمام سیرت و مجموعہ نعت و کتب کے مقابلہ میں ان کا نعتیہ مجموعہ اذن تجلی میں نے پنجاب میں پہلی پوزیشن حاصل کی

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام سیرت و مجموعہ نعت کی کتب کے مقابلے میں حاصل پور سے تعلق

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مرکزی جامع مسجد غلہ منڈی حاصل پور میں محفل میلاد کا انعقاد

انتظامیہ کمیٹی مسجد کے صدر حاجی محمد جاوید نے صدارت کی جبکہ علماء کرام نے سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) مرکزی جامع مسجد غلہ منڈی میں محفل میلاد مصطفےٰ زیر صدارت حاجی محمد جاوید صدر مسجد انتظامیہ کمیٹی منعقد ہوئی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چولستان بلائنڈ کرکٹ ٹرافی 2021 ڈرنگ اسٹیڈیم بہاول پور میں جاری

اس سلسلہ میں کوئٹہ بلائنڈ کرکٹ ٹیم اور اوکاڑہ بلائنڈ کرکٹ ٹیم کے مابین میچ کھیلا گیا

بہاول پور (پ ر) چولستان بلائنڈ کرکٹ ٹرافی 2021 ڈرنگ اسٹیڈیم بہاول پور میں جاری ہے۔ اس سلسلہ میں کوئٹہ بلائنڈ کرکٹ ٹیم اور اوکاڑہ بلائنڈ کرکٹ ٹیم کے مابین میچ کھیلا گیا۔ کوئٹہ بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے ٹاس جیت کر اوکاڑہ بلائنڈ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بچہ جمہورا

بچہ جمہورا: استاد جی وزیراعظم نے لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم کو ڈی جی آئی ایس آئی تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

ہاں بچے جمہورے: وزارت دفاع کی جانب سے بھجوائی گئی سمری وزیراعظم نے بالآخر منظور کر لی دیر آید درست اید کے مصداق یہ ان کا مثبت اقدام ہے جسکی تعریف کی جانی چاہئے۔

سمجھ گئے ناں

وزیراعلیٰ عثمان بزدار کا فیصل آباد کا طویل دورہ

9 ارب کے 81 پراجیکٹس کا افتتاح اور سنگ بنیاد

چائلڈ پروٹیکشن انسٹی ٹیوٹ، رورل ہیلتھ سنٹر کھرڑیانوالہ کی اپ گریڈیشن

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے فیصل آباد کا 6 گھنٹے طویل دورہ کیا اور سریانا ہوٹل فیصل آباد میں تقریب 9 ارب

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت نے تین ماہ میں 3 ارب 10 کروڑ ڈالر کا قرضہ لیا

پاکستان کو تین ماہ میں 17 ارب روپے کی گرانٹس موصول ہوئیں

لاہور (یو این پی) حکومت پاکستان نے رواں مالی سال کے تین ماہ میں 3 ارب 10 کروڑ ڈالر کا قرضہ لیا ہے۔ اقتصادی امور ڈویژن نے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کینیڈا: وزیراعظم کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل اوورسیز پاکستانیوں کے کنونشن سے خطاب کررہے ہیں۔

لاہور: سیکرٹری اطلاعات راجہ جہانگیر انور کشمیر کمیٹی پنجاب کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں' متعلقہ محکموں کے اعلیٰ افسران بھی موجود ہیں۔

اسلام آباد: سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر' بیگم نصرت بھٹو یونیورسٹی سکھر کے فیکلٹی ممبران اور طالبات کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس میں گروپ فوٹو۔

نئے نیر 01

چیف سیکریٹری پنجاب بھی شریک تھے۔ اجلاس میں وزیراعظم عمران خان کو کالعدم تنظیم سے مذاکرات پر بریفنگ دی گئی، کالعدم تنظیم کے مطالبات اور حکومتی حکمت عملی پر غور کیا گیا، اس کے علاوہ وزیراعظم کو تاجروں کے احتجاج سے متعلق بھی آگاہ کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملک میں امن و امان سمیت سیکورٹی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ٹی ایل پی کو کسی قسم کی رعایت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا، اجلاس میں طے پایا کہ کالعدم ٹی ایل پی اپنی پوزیشن چھوڑ کر احتجاج ختم کرے گی تو ہی اس سے مذاکرات کئے جائیں گے، وزیر داخلہ شیخ رشید ٹی ایل پی کو راستہ کلیئر کرنے اور احتجاج ختم کرنے کے لئے کہیں گے۔ واضح رہے کہ کالعدم تنظیم کے کارکن حکومت سے کئے گئے معاہدے کے تحت اس وقت مرید کے میں موجود ہیں، حکومت نے طے پائے گئے معاملات پر بدھ تک عمل درآمد کی یقین دہانی کرائی تھی، دوسری جانب تاجروں نے بھی اپنے مطالبات کے حق میں دھرنے کا اعلان کر رکھا ہے۔

نئے نیر 02

کمیشن کے ممبر نثار درانی نے اعظم سواتی کے وکیل سے کہا کہ شوکاز نوٹس کا جواب دیں جس پر معاون وکیل نے بتایا کہ اعظم سواتی کے وکیل علی ظفر شہر سے باہر ہیں لہذا شوکاز نوٹس کا جواب دینے کیلئے ایک ماہ کی مہلت دی جائے۔ اس پر ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ ایک ماہ بہت زیادہ ہے، 10 دن کا وقت کافی ہے۔ بعدازاں الیکشن کمیشن نے وفاقی وزیر کو شوکاز کا جواب دینے کے لیے 15 روز کی مہلت دے دی اور مزید ساعت 11 نومبر تک ملتوی کردی۔ خیال رہے کہ گزشتہ ماہ الیکٹرانک ووٹنگ مشین کے معاملے پر سینیٹ قائمہ کمیٹی پارلیمانی امور میں وزیر ریلوے اعظم سواتی نے الیکشن کمیشن پر یلغار کردی تھی اور الزام عائد کیا تھا کہ الیکشن کمیشن حکومت کا مذاق اڑا رہا ہے، اس نے پیپے پکڑے ہوئے ہیں۔

نئے نیر 03

دوران ملتان میں کورونا کے کیسز میں واضح کمی آئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملتان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نشتر ہسپتال میں کورونا وائرس میں مبتلا کوئی مریض جان کی بازی نہیں ہارا، نشتر ہسپتال آکسولیشن وارڈ میں کورونا میں مبتلا مریضوں کی تعداد صرف 6 رہ گئی ہے۔ محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ ملتان میں کورونا کے متاثرہ مریضوں میں سے 48 مریض ہسپتال میں زیر علاج ہیں، نشتر ہسپتال میں اب تک مجموعی طور پر 926 افراد کورونا کے باعث جاں بحق ہوچکے ہیں۔

نئے نیر 04

کیلئے سردار یار محمد رند کو بطور امیدوار نامزد کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے لئے سردار یار محمد رند اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کے لئے سردار بابر موسیٰ خیل کو بطور امیدوار نامزد کر دیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس پارلیمانی سربراہ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان سردار یار محمد رند کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل اراکین اسمبلی میر نعمت زہری، میر عمر خان جمالی، مبین خلجی، فریدہ رند نے شرکت کی جلاس میں موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور اتحادی جماعتوں سے رابطے کے لئے میر نعمت اللہ زہری اور میر عمر جمالی پر مشتمل دو رکنی کمیٹی قائم کی گئی اجلاس میں پارلیمانی پارٹی نے متفقہ فیصلہ کیا کہ پاکستان تحریک انصاف ماضی میں اتحادی جماعت کو قائد ایوان، اسپیکر اور متعدد بار سینیٹ میں ووٹ دے چکی ہے، اراکین نے متفقہ طور پر سردار یار محمد رند کو وزیراعلی بلوچستان، اور سردار بابر موسی خیل کو بطور اسپیکر بلوچستان اسمبلی نامزد کرنے کا فیصلہ کیا پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی جماعت نے فیصلہ کیا کہ پارلیمانی سربراہ سردار یار محمد رند کے بطور وزیراعلی بلوچستان اور سردار بابر موسی خیل کے بطور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کاغذات نامزدگی جمع کروائے جائیں گے۔ یاد رہے کہ پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں سیاسی بحران شدت اختیار کر چکا ہے جس کے نتیجے میں ناراض ارکان اور اپوزیشن کو بڑی کامیابی ملی ہے اور وزیراعلیٰ جام کمال نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ جام کمال کے استعفیٰ دینے کے بعد صوبائی کابینہ تحلیل ہوگئی۔ تاہم اب نئے وزیراعلیٰ بلوچستان کے لیے میر عبدالقدوس بزنجو کے نام پر اتفاق کرلیا گیا ہے۔ اتوار اور پیر کی درمیانی شب اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو کی رہائش گاہ پر ہونے والے اجلاس میں سابق وزیراعلی بلوچستان جام کمال خان کے وزارت اعلیٰ کے منصب سے مستعفی ہونے کے بعد نئے قائد ایوان کے لئے اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو جب کہ نئے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کے لئے سابق وزیراعلی بلوچستان میر جان محمد جمالی کے نام پر اتفاق کیا گیا۔ اتحادی جماعتوں سے دونوں ناموں کی توثیق کروائی جائے گی۔

نئے نیر 05

سمری کے پیرا 6 میں افسروں کے پینل سے لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم کا تقرر کیا۔ وزیراعظم کے دفتر سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق وزیراعظم عمران خان سے آج آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ملاقات کی، جس میں نئے ڈی جی آئی ایس آئی کی تقرری کے عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت دفاع کی جانب سے وزیراعظم عمران خان کو افسران کے ناموں کی سمری بھیجی گئی جس پر انہوں نے غور کیا۔ وزیراعظم نے سمری میں ڈی جی آئی ایس آئی کے عہدے کیلئے مجوزہ تمام امیدواروں کے انٹرویوز بھی کیے۔ وزیراعظم عمران خان اور آرمی چیف کے درمیان مشاورت کا آخری دور آج ہوا۔ تفصیلی مشاورت کے بعد لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کو نیا ڈی جی آئی ایس آئی مقرر کرنے کا فیصلہ ہوا۔ نئے ڈی جی آئی ایس آئی کا تقرر 20 نومبر 2021 سے کیا گیا ہے۔ سبکدوش ہونے والے ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید 19 نومبر تک ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے

نئے نیر 06

نے ایرانی وزیر خارجہ سے ملاقات کی جس میں وطرفہ تعاون کے فروغ سمیت اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کا وزارت خارجہ پہنچنے پر ایران کے وزیر خارجہ ڈاکٹر حسین امیر عبداللہیان نے خیر مقدم کیا، افغانستان کیلئے نمائندہ خصوصی، ایمبیسڈر محمد صادق اور ایران میں تعینات پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی بھی وزیر خارجہ کے ہمراہ تھے، ایرانی وزیر خارجہ نے وزیر خارجہ اور ان کے وفد کو تہران آمد پر خوش آمدید کہا، وزیر خارجہ نے افغانستان کے ہمسایہ ممالک کے دوسرے وزارتی اجلاس میں شرکت کی دعوت پر ایرانی ہم منصب کا شکریہ ادا کیا، دونوں وزرائے خارجہ کے مابین دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے کثیر الجہتی شعبہ جات میں دوطرفہ تعاون کے فروغ سمیت اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان، ایران کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے اور انہیں مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہے، وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے، ایران کی اعلیٰ قیادت کی جانب سے مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے اصولی موقف کی مسلسل تائید اور حمایت پر ایرانی وزیر خارجہ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک پرامن اور مستحکم افغانستان، تمام ہمسایہ ممالک کیلئے یکساں اہمیت کا حامل ہے۔ 21 اکتوبر کو کیے گئے اپنے دورہ کابل کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر خارجہ نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ افغان شہریوں کو درپیش معاشی و انسانی بحران سے نکالنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، افغانستان کو تجارتی و سرحدی نقل و حرکت میں سہولیات کی فراہمی جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہے، ایرانی وزیر خارجہ نے پاکستان کی جانب سے شروع کیے گئے علاقائی لائحہ عمل کی تشکیل کے اقدام کو سراہتے ہوئے، ایران کی میزبانی میں منعقدہ افغانستان کے ہمسایہ ممالک کے دوسرے وزارتی اجلاس میں شرکت پر، وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کا شکریہ ادا کیا، ایرانی وزیر خارجہ ڈاکٹر حسین امیر عبداللہیان نے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی اور ان کے وفد کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا۔

نئے نیر 07

عثمان بزدار نے تعلیم و صحت سمیت دیگر محکموں کی 70 ہزار خالی آسامیاں پر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ بیروزگاری کے خاتمے کیلئے 70 ہزار فوری نوکریاں فراہم کررہے ہیں۔ پولیس کی کارکردگی کے حوالے سے شکایات پر ایکشن لیں گے۔ ملتان میں ٹینک چوک پر کورونا ویکسی نیشن موبائل سینٹر کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ کورونا نے عالمی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ پاکستان نے وباء سے نمٹنے کیلئے بہترین حکمت عملی اپنائی۔ کورونا سے بچاؤ کے لئے کورونا ویکسی نیشن واحد راستہ ہے۔ حکومت پنجاب نے کورونا ویکسی نیشن کے لئے گھر گھر مہم لانچ کردی ہے اور روزانہ 10 لاکھ افراد کی کورونا ویکسی نیشن کا ٹارگٹ مقرر کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 18 ہزار موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، دسمبر تک 8 کروڑ افراد کی ویکسی نیشن کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ اپنے پیاروں کو وباء سے محفوظ بنانے کے لئے کورونا ویکسی نیشن کرائیں۔ شہری کورونا ویکسی نیشن مہم کامیاب بنانے میں حکومت سے تعاون کریں۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ جلد بہاولپور اور ملتان کا تفصیلی دورہ کرکے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کی کارکردگی کا جائزہ لوں گا۔ کرپشن اور اختیارات سے تجاوز کرنے والے افسران کے خلاف کارروائی ہوگی۔ اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے افسران کی کمی پوری کررہے ہیں۔ جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کو مکمل اختیارات دیئے گئے ہیں۔ رول آف بزنس کی ترمیم اور منظوری حکومت کا کارنامہ ہے۔ مرحلہ وار تمام محکمے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ منتقل کئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے گھر گھر کورونا ویکسی نیشن مہم RED کا باقاعدہ افتتاح کیا اور موبائل ویکسی نیشن سینٹر پر کورونا ویکسی نیشن کے عمل کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ویکسی نیشن کیلئے آنے والی خواتین سے انتظامات کے بارے میں دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ویکسی نیشن موبائل سینٹر کے باہر میڈیا سے گفتگو بھی کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کو اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ضلع ملتان میں ٹارگٹ کا 54 فیصد حاصل کرلیا ہے اور دسمبر تک سو فیصد ویکسی نیشن کریں گے۔

نئے نیر 08

تک (Reach Every Door) کے اہداف کے حصول کے لیے محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و سٹاف اپنا کردار ادا کریں۔ وہ اپنے دفتر کے کمیٹی روم میں منعقدہ اجلاس میں کرونا ویکسی نیشن کی خصوصی مہم آپ کی دہلیز تک کے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لے رہے تھے۔ اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر محمد اقبال مکوال، سی ای او ایجوکیشن ظہور احمد چوہان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر طارق ارائیں، ضلع بھر کے ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسرز ہیلتھ اور متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کرونا ویکسی نیشن کی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک انداز میں کام کریں تاکہ لوگوں کی زندگی محفوظ رہ سکے۔ انہوں نے کہ سکول طلبا کی کرونا ویکسی نیشن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تمام گلی، محلوں اور دیہات میں جا کر 12 سال اور اس سے زائد عمر کے افراد کو کرونا ویکسین لگائی جائے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر محمد اقبال مکوال نے بتایا کہ ضلع بھر میں کرونا ویکسین کی خصوصی مہم جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع کونسل بہاول پور کی 88 یونین کونسلوں، بہاول پور سٹی کی 21 اور میونسپل کمیٹی یزمان، احمد پور شرقیہ، خیر پور ٹامیوالی، حاصل پور اور اوچ شریف میں مجموعی طور پر 316 سے زائد ٹیمیں فیلڈ میں فعال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موبائل ٹیموں کی کارکردگی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ضلع بھر میں قائم 75 بنیادی مراکز صحت، 12 رورل ہیلتھ مراکز، 4 تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور 13 دیگر مقامات پر فکس ٹیمیں کرونا ویکسی نیشن سہولت فراہم کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے اس اقدام سے بھرپور استفادہ کیا جائے تاکہ کرونا سے محفوظ رہا جاسکے۔

نئے نیر 09

پاکستان کراچی رجسٹری میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سندھ نے ریکارڈ کمپیوٹرائز کرنے سے متعلق رپورٹ پیش کردی۔ منگل کو سندھ بھر کی زمینوں کا ریکارڈ کمپیوٹرائز کرنے سے متعلق کیس کی سماعت چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد نے سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں کی۔ دورانِ سماعت سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سندھ و دیگر حکام عدالت میں پیش ہوئے، سینئر ممبر نے ریکارڈ کمپیوٹرائز کرنے سے متعلق رپورٹ پیش کردی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سندھ بھر کی زمینوں کا 95 فیصد ریکارڈ کمپیوٹرائز کرلیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ تمام ریکارڈ بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سندھ کی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ اس ریکارڈ میں اب کوئی رد و بدل نہیں کر سکتا۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ زمینوں کے 5 لاکھ اندراج کو مشکوک قرار دیا گیا ہے، جبکہ 237 زمینوں کے اندراج کو بلاک کیا گیا ہے۔

نئے نیر 10

کونسل کے آفس میں اسسٹنٹ چیف آفیسر سروسز جاوید اقبال چوہدری اور ان کے سٹاف کی جانب سے ان کا پھولوں سے استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر شیخ دلشاد احمد قریشی نے کہا کہ بلدیاتی ادارے سیاست کی نرسری ہیں ادارے کی بحالی جمہوریت کی فتح ہے اور عوام کی جیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدمت کا سفر جاری رہے گا اور بہاولپور کی عوام کے مسائل کے حل کیلئے میرے دفتر کے دروازے کھلے ہیں

نئے نیر 11

پیٹرول کی قیمت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے، جس کی وجہ سے حکومت کو شدید عوامی اور سیاسی تنقید کا سامنا ہے

نئے نیر 12

اب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 7 سے 9 روپے مزید اضافہ عوام کا معاشی قتل ہے، بار بار منی بجٹ لاکر حکومت نے ثابت کیا ہے کہ اس کے پاس کوئی ٹھوس، سنجیدہ اور قابل عمل معاشی پلان نہیں۔ صدر) ن (لیگ نے کہا کہ صرف اشیا مہنگی کرنے سے معیشت ٹھیک کرنے کی کوشش سراسر حماقت ہے، ٹیکس پر ٹیکس اور مہنگائی پر مہنگائی عوام کے بنیادی آئینی ومعاشی حقوق کی خلاف ورزی ہے، عوام کے معاشی آئینی حقوق کا تحفظ پر سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، حکومت کو قومی معاشی خودکشی سے روکنا ہوگا ورنہ ملک کو بھاری قیمت ادا کرنا پڑ سکتی ہے، سیاسی انتشار اور معاشی تباہی دونوں مل کر پاکستان کو ناکام ریاست کی منزل کی طرف لے جارہے ہیں، ملک کو اس سے بچانا ہوگا۔ شہباز شریف نے کہا کہ عوام کی قوت خرید ختم ہوچکی ہے، آئین اور قانون کے تحت ڈبل ٹیکسیشن جرم ہے لیکن حکومت ڈھٹائی سے قوم کو لوٹ رہی ہے ٹیکس کا تعلق عوام کی قوت خرید اور قومی ترقی کی شرح سے ہے، مرتی عوام پر مزید بوجھ ڈالنا صرف ظلم ہے، عوام اس ظلم کے خلاف باہر نکلیں اور حکومت سے ظلم کرنے کا اختیار چھین لیں۔

نئے نیر 13

ریاض ساجد مرحوم کے انتقال پر فاتحہ خوانی کی اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لیے دعا کی ،خیال رہے کہ محکمہ آبپاشی کے ریٹائرڈ ضلعدار ڈاکٹر ریاض احمد ساجد دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے تھے، انہوں نے پسماندگان میں بیوہ چار صاحبزادوں اور ایک صاحبزادی کو سوگوار چھوڑا ہے۔ ڈاکٹر ریاض ساجد کے جسد خاکی کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد ،سیٹ لائٹ ٹاؤن کے قبرستان سپرد خاک کر دیا گیا۔

نئے نیر 14

ہے۔ سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں سول اپیل ایشن کو الاٹ زمین کسی اور کو الاٹ کرنے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی جس سلسلے میں ڈی جی سول اپیل ایشن عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے ڈی جی سے استفسار کیا کہ پہلے والی زمین کا کیا کیا؟ جو اب پھر زمین لینا چاہتے ہیں، پہلے والی زمین پر شادی ہال چل رہے ہیں کیا آپ کا کام شادی ہالز چلانا ہے؟ پھر آپ ائیرپورٹ پر بھی شادی ہال بنالیں، پورے کراچی ائیر پورٹ کو ٹھنڈر بنادیا ہے۔ عدالت نے ڈی جی سول اپیل ایشن سے مکالمہ کیا کہ واحد آپ ہیں جو رات کو جہاز اڑاتے ہیں، کسی مہذب ملک میں ایسا نہیں ہوتا کہ رات کو جہاز اڑایا جائے، لوگ سو رہے ہوتے ہیں اور آپ کے جہازان کے سروں پر اڑ رہے ہوتے ہیں، کیا لوگوں کو سونا نہیں ہوتا؟ آپ نے لوگوں کو بھیڑ بکریاں سمجھا ہوا ہے۔ چیف جسٹس پاکستان نے ڈی جی سول اپیل ایشن سے استفسار کیا کہ کوئی نیا ائیر پورٹ بن رہا ہے؟ اس پر ڈی جی نے بتایا کہ نہیں، کارگو کے لیے نیا ٹرمینل بن رہا ہے، جسٹس گلزار نے کہا کہ آپ کے پاس تو رن وے نہیں ہے۔ عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شادی ہال چلا رہے ہیں کل کو کسینو اور نائٹ کلب بھی کھول لیں، دنیا کے کسی ائیر پورٹ جائیں، ہیتھرو ائیر پورٹ جائیں کہیں بھی شادی ہال نہیں چل رہے۔ معزز چیف جسٹس نے کہا کہ یہ زمین آپ کو شادی ہال چلانے کے لیے نہیں ائیر پورٹ چلانے کیلئے دی گئی ہے، ایوی ایشن کے پاس ملک بھر میں جتنی زمین ہے وہ ائیر پورٹ کیلئے ہی استعمال کی جائے، سول ایوی ایشن کو الاٹ زمین پر شادی ہال یا کسی اور سرگرمی کی اجازت نہیں ہے۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر ڈی جی سول ایوی ایشن کو سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو اور ڈی جی ایف آئی کے ساتھ طلب کرلیا۔

نئے نیر 15

نائب صدر راجہ وسیم حسن نے حکومت کی طرف سے قرضوں کے حصول کیلئے آئی ایم ایف مذاکرات میں روپے کی قدر میں مزید کمی اور ٹیکسز بڑھانے کے آئی ایم ایف کے مطالبات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کہ آئی ایم ایف کے مطالبات مزید بڑھ رہے ہیں جن میں ٹیکس چھوٹ میں کمی، شرح سود بڑھانے، ڈالر کی قیمت مارکیٹ ریٹ کے مطالبات تسلیم کرنے سے صنعتی شعبہ متاثر ہوگا آئی ایم ایف پروگرام پر عملدرآمد کرتے ہوئے بجلی، پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کردیا گیا ہے جبکہ گیس کی قیمتوں میں 20 سے 22 فیصد اضافہ کرنے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے جس سے صنعتی و تجارتی شعبہ زیادہ متاثر ہوگا۔ صنعتی شعبہ کی پیداواری لاگت میں اضافہ سے اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ سے ملک میں پہلے ہی ہوشربا مہنگائی ہوگئی ہے اور ملک بھر میں مہنگائی کے خلاف احتجاج شروع ہوچکا ہے جس سے کاروباری سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید گنج کے تاجروں حاجی خالد محمود، فرخ منشا، حافظ کامران، راجہ نبیل ودیگر کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ راجہ وسیم حسن نے کہا کہ ملک کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھ رہا ہے آئی ایم ایف کے مطالبات پر عملدرآمد سے برآمدی شعبہ سمیت صنعتی شعبہ بھی متاثر ہوگا جس سے ملکی برآمدات میں کمی سے حکومتی برآمدی اہداف پورے نہیں ہونگے اور تجارتی خسارہ میں مزید اضافہ ہوگا۔ آئی ایم پروگرام ملک میں ہمیشہ بدحالی لایا اسے یکسر ختم کیا جائے۔

نئے نیر 16

الحق شاہ، کونسلر ملک اصغر نواز آرائیں مہرا فضل ، 92 نیوز سے ملک طارق آرائیں ، ملک ریاض تھے تفصیلات کے مطابق پہلا ملک 7 سائیڈ فلڈ لائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ سمہ سٹہ میں منعقد ہونے والا ٹورنامنٹ میں مختلف علاقوں سے 36 ٹیموں نے حصہ لیا، فائنل میچ ملک ساجد کلب کرکٹ کلب اور السید کرکٹ کلب لطیف آباد کی ٹیم مابین کھیلا گیا ملک ساجد کرکٹ کلب کی ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ چارہ اورز میں 32 رنز بنائے جبکہ السید کرکٹ کلب لطیف آباد کی ٹیم نے مقررہ ہدف 3:4 اورز میں پورا کرنے بعد میدان مارلیا نے کہا کہ صحت مندانہ زندگی کے لیے صحت مندانہ سرگرمیوں کا فروغ معاشرے کی اشد ضرورت ہے۔ کھیل کود سے نہ صرف انسان جسمانی طور پر تندرست وتوانا رہتا ہے۔ بلکہ دفاعی طور پر بھی انسان خوشی اور توانائی محسوس کرتا ہے صحت مندانہ سرگرمیوں سے کھیل کے میدان آباد ہونگے۔ تو ہسپتال ویران ہونگے۔ معاشرے میں بڑھتے ہوئے بلڈ پریشر، شوگر اور دل کے امراض کی بنیادی وجہ ورزش اور واک نہ کرنا ہے۔ کھیل صحت مندانہ سرگرمیوں کے فروغ میں بنیادی اہمیت کے حامل ہیں انہوں نے کرکٹ ٹورنامنٹ کیا نقعاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے منتظمین، کھلاڑیوں اور شائقین کو مبارکباد دی صدر انجمن تاجران سمہ سٹہ سید وقار الحق شاہ فلڈ لائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد علاقے میں کھیلوں کے فروغ کیلئے ایک سنگ میل کا درجہ رکھتا ہے اور اس کے ذریعے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کو اپنے بے مثال کھیل اور لاجواب کارکردگی کا مظاہرہ کیا جس سے شائقین کو بھی بھرپور تفریح ملی گروونڈ آباد ہونگے تو ہسپتال ویران ہونگے ملک طارق نے ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پہلا فلڈ لائٹ شارٹ باونڈری ٹورنامنٹ کے منتظمین، ملک رشید آرائیں حافظ محمد عرفان عرف سنی محمد آصف میر علی اور ملکی و دیگر کو دلی مبارک باد پیش کی کونسلر ملک اصغر نواز آرائیں نے کہا کہ علاقے کے نوجوانوں کے ساتھ ساتھ شارٹ باونڈ کرکٹ کے زیر اہتمام شاندار کھلاڑیوں نے ٹورنامنٹ میں شرکت کی اور اس سے کھیل کے معیار اور مقابلوں میں ایک منفرد انداز دیکھنے کو ملا اور سمہ سٹہ میں کھیلوں کی ایک ہمیشہ یاد رکھی جانے والی اس سرگرمی نے مستقبل کے لئے نیا راستہ متعین کردیا ہے جس کی منزل کھیلوں اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور تاریخی کامیابی ہوگی

نئے نیر 17

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی درود وسلام سے پر نور تقریب سے جمعۃ اسلام مولانا توصیف حسین کمیلی آف جھنگ نے خطاب کرتے ہوئے کہا ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیا علیہ اسلام کے سردار نبی آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا نے رحمت العالمین بنا کر بھیجا ایسا حبیب جس کی دنیا میں آمد سے صرف مکہ مکرمہ ہی نہیں بلکہ پوری کائنات روشن ہوگئی شان ایسی کی خدا اپنے محبوب کے بارے میں فرماتا ہے اگر تم مجھ سے محبت رکھتے ہو تو میرے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرو وہ جو تمہیں دے یعنی توحید لے لو اور جس چیز سے منع کرے یعنی شرک اس سے رک جا دنیا و آخرت میں کامیابی کیلئے صرف میلاد کی تقاریب چراغاں کافی نہیں بلکہ آپ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہوں تقریب سے مولانا ملک فیاض حسین اسدی ،مولانا علی حسن نے ذکر اہلبیت اطہار پر روشنی ڈالی اسکے علاہ معروف ثنا خواں سید کامران علی، ذاکر حسین ذاکر ،چوہدری عابد حسین، مہر محمد علی، مجاھد علی، منور علی و دیگر نے حمد و نعتیہ کلام پڑھ کر شرکا کے دلوں کو منور کیا تقریب میں سید برات حسین نقوی، مرکزی صدر انجمن تاجران مبارک پور چودھری عبدالمجید ، محب حسین خاکیلی ،سید مظہر حسین ،اسد عباس ،ملک ظفر عباس کھروالہ، عدیل نقی، امتیاز حسین شاہ ،ملک ریاض چیئرمین، محمد عباس، آصف رضا، ندیم رضا ،مہر امتیاز ،جام الطاف حسین ،ذاھد عباس، سید کسور شاہ، مبشر حسن السید، قاسم علی، ایاز شاہ ،ودیگر مومنین کرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی دریں اثنا ملک ظفر عباس نے علما کرام کو پھولوں کی مالائیں پہنائیں۔

نئے نیر 18

محکم الدین سیرانی خانقاہ شریف میں ہر سال کی طرح اس سال بھی فری آئی کیمپ یکم نومبر بروز سوموار سے 4 نومبر 2021 بروز جمعرات تک لگایا جائے گا جسمیں کراچی اور دیگر بڑے شہروں کے ماہر ڈاکٹرز مفت معائنہ اور اپریشن کریں گے اور ادویات بھی مفت دی جائیں گی۔ آنکھوں کا معائنہ ڈیرہ میاں نجیب الدین اویسی ایم این اے کریا جائے گا۔ جن لوگوں کے اپریشن ہوں گے وہ موسم کے مطابق بستر کا بندوبست خود کرآئیں اپریشن اور رہائش ڈیرہ دراجی میں ہوگی

نئے نیر 19

ایلیون نے آٹھ اورز میں 107 کا ٹارگیٹ دیا جس کو ڈاکٹر شرجیل ایلیون نے چیز کرتے ہوئے سکور برابر کرکے میچ برابر کردیا۔ اس پر وقار دوستانہ میچ میں رانا محمد جمیل ترجمان ایم این اے میاں نجیب الدین اویسی، فراز حیدر خان صدر پریس کلب مبارک پور، ڈاکٹر اسامہ چیمہ، ملک ظفر کمبوہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی ڈاکٹر زیشان احمد، سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر فیصل عمران نے بھی شرکت کرتے ہوئے اپنی اپنی ٹیموں کی حوصلہ افزائی کے لئے کھیل میں حصہ لیتے ہوئے خوب چوکے چھکے لگائے۔ اس موقع پر دیہی مرکز صحت مبارک پور سے حال ہی میں ریٹائرڈ ہونے والے سینئر میڈیکل ٹیکنیشن محمد عارف نے اعزازی طور پر شرکت کرتے ہوئے اظہار خیال کیا کہ ایسے پروگرام سے افسران اور ماتحت عملہ میں ہم آہنگی محبت اور احترام پیدا ہوتا ہے اور تمام عملہ اپنی اپنی زمہ داری خوش اسلوبی سے نبھاتے ہیں، دونوں نوجوان ڈاکٹروں نے ایسا پروگرام ترتیب دیکر اچھی روایت قائم کردی ہے۔ میچ کے اختتام پر دیہی مرکز صحت مبارک پور میں پہلی تعیناتی ہونے والے ڈاکٹر ز ڈاکٹر احمد فواد اور ڈاکٹر شرجیل احمد نے پرتکلف ظہرانے کا بھی اہتمام کیا۔

نئے نیر 20

قرضوں سے متعلق جاری کی گئی تفصیلات میں بتایا کہ تین ماہ میں پاکستان کو 17 ارب روپے کی گرانٹس موصول ہوئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ حکومت نے باہمی معاہدوں کے تحت 7 کروڑ 69 لاکھ ڈالر قرض لیا۔ ملٹی لیٹرل مالی اداروں سے ایک ارب 56 کروڑ ڈالر قرض لیا گیا۔ حکومت نے کمرشل بینکوں سے 45 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کا قرض حاصل کیا۔ حکومت کو مختلف ممالک اور ملٹی لیٹرل اداروں سے 10 کروڑ ڈالر کی گرانٹس ملیں۔ جولائی تا ستمبر چین سے 7 کروڑ 33 لاکھ روپے قرض ملا۔ امریکہ سے پاکستان کو تین ماہ میں 2 کروڑ 72 لاکھ ڈالر قرض ملا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کو 45 کروڑ 99 لاکھ ڈالر قرض فراہم کیا۔

نئے نیر 21

روپے کے 81 ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے فیصل آباد آمد کے فورا بعد چائلڈ پروٹیکشن انسٹی ٹیوٹ پہنچے اور اس کا افتتاح کیا۔ یہ منصوبہ 21 کروڑ کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے۔ بعد ازاں وزیراعلیٰ عثمان بزدار سیرینا ہوٹل پہنچے